## لے پالک کی نگہداشت میں خوش آمدید

## آپ کا نگہداشتی گھرانہ بچے کی زندگی
## کی از سر نو تشکیل سازی کرتا ہے

**لے پالک کی نگہداشت**

لے پالک کی نگہداشت ایسے بچوں کو جو 18 برس سے کم ہوتے ہیں، رہائشی سطح پر خاندانی دیکھ بھال فراہم کرتا ہے، جن کے والدین مخصوص خاندانی صورت حال کے باعث ان کا موزوں طور پر خیال نہیں رکھ سکتے ہیں، تاکہ وہ وہ اپنے خاندانوں کے پھر سے ملاپ ہونے تک خاندانی زندگی سے لطف اندوز ہو سکیں، گود لینے والے خاندان کے ساتھ شریک ہو سکیں یا آزادانہ طور پر جی سکیں۔

لے پالک کی نگہداشت (ایمرجنسی) 18 برس سے کم عمر کے بچوں کو فوری اور قلیل مدتی رہائشی خاندانی نگہداشت فراہم کرتا ہے، جن کے والدین ہنگامی یا بحرانی صورت حال کے باعث ان کی نگہداشت نہیں کر سکتے ہیں۔ ایسی نگہداشتی مدت چھ ہفتوں سے متجاوز نہیں ہو سکتی ہے۔

**آپ کو تہہ دل سے مدعو کیا جاتا ہے کہ آپ لے پالک والدین بن جائیں**

ایسے افراد جو خیال رکھنے والے اور مدد بہم پہنچانے والے ہوں انہیں تہہ دل سے مدعو کیا جاتا ہے کہ وہ لے پالک والدین بن جائیں اور رضاکارانہ بنیاد پر اپنے گھرانے کے ارکان کے ساتھ مل کر لے پالک بچوں کو رہائشی سطح پر خاندانی نگہداشت فراہم کریں۔ دلچسپی رکھنے والے ایسے افراد جو کہ صرف قلیل مدتی/ریلیف سروسز فراہم کر سکتے ہیں کو بھی درخواست دینے کے لیے خوش آمدید کہا جاتا ہے۔

لے پالک کی نگہداشت میں ان کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے، لے پالک والدین، سروس کی نوعیت اور اپنے زیر نگہداشت بچے کی کیفیت پر انحصار کرتے ہوئے، درج ذیل لے پالک کی نگہداشت الاؤنس (مستثنٰی از ٹیکس) وصول کر سکتے ہیں جیسا کہ موزوں ہو:

- لے پالک بچے کے روزمرہ اخراجات پر محیط لے پالک بچوں کے لیے دیکھ بھال گرانٹ؛

- لے پالک والدین کے لیے ترغیبی ادائیگی یا لے پالک والدین (ایمرجنسی) کے لیے ترغیبی دائیگی تاکہ لے پالک کی نگہداشت کے حوالے سے لے پالک والدین کی رضاکارانہ شرکت کی حوصلہ افزائی کی جا سکے؛

- لے پالک بچے کے لیے سیٹنگ-اپ گرانٹ کی تشکیل (یک بارگی) تاکہ اضافی اخراجات کا احاطہ کیا جا سکے جب کہ وہ نیا داخل ہوا ہو۔ یہ تب تقسیم کی جاتی ہے کہ جب وہ لے پالک بچہ ایک ماہ تک لے پالک خاندان میں قیام پذیر رہ چکا ہو [یہ لے پالک کی نگہداشت (ایمرجنسی) اور قلیل-مدتی/ریلیف سروسز پر لاگو نہیں ہے]؛
- خصوصی ضرورتوں کے حامل تین سال سے کم عمر بچے یا ہلکی عقلی معذوری / توجہ کی کمی / ہائپریکٹیوٹی ڈس آرڈر / آٹزم اسپیکٹرم / سیکھنے کی مخصوص دشواریوں (ڈیسلیسیا ، ڈویلپمنٹ کوآرڈینیشن ڈس آرڈر) والے بچے کی دیکھ بھال کے لیے اضافی ترغیبی ادائیگی ، [لے پالک کی نگہداشت (ایمرجنسی) کے لیے لاگو نہیں ہے]۔

**مثالی لے پالک والدین کے اندر درج ذیل کا ہونا ضروری ہے:**

- ✦ بچوں سے لگن، بچے کی نگہداشت کا تجربہ اور اہلیت
- ✦ بچوں کے لیے موزوں نگہداشتی منصوبے
- ✦ والدینیت اور بچوں کی پرورش کے حوالے سے موزوں رویے اور مہارتیں[1]
- ✦ تعلیمی معیار پرائمری یا زائد
- ✦ عمدہ صحت اور مستحکم جذبہ
- ✦ پُرمسرت خاندانی زندگی اور مستحکم حیات
- ✦ مستحکم مالی حالت، جیسا کہ کافی آمدن ہو، بچتیں ہوں یا قابل تصرف اثاثے ہوں
- ✦ صاف، ستھرا اور محفوظ طرز رہن سہن، بشمول ونڈو گرِلز کی فراہمی یا محفوظ طور پر کھڑکی کھلنے کے حوالے سے رکاوٹی ڈیوائسز[2]، حفاظتی تقاضا جات کی پابندی برائے باورچی خانہ[3]، اور بالکونی کے لیے سیفٹی ڈیوائسز[4] کی تنصیب (اگر کوئی ہو)، وغیرہ۔
- ✦ موزوں رہائشی جگہ، بشمول لے پالک بچوں کے لیے الگ بستروں کی فراہمی اور سرگرمیوں کے لیے جگہ کی فراہمی
- ✦ گھرانے کے تمام ارکان کی جانب سے لے پالک کی نگہداشت سروس میں شرکت پر رضامندی
- ✦ سماجی کارکنان کی جانب سے تفتیش اور رہنمائی کی قبولیت پر رضامندی

[درج بالا شرائط سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (SWD) کے لے پالک کی نگہداشت کے مرکزی یونٹ سے رابطہ قائم کریں]

**بطور لے پالک والدین خدمات کی انجام دہی کی درخواست کا طریقہ ہائے کار**

1. درخواست گزاران کو ابتدائی جانچ کے لیے SWD کے لے پالک کی نگہداشت کے مرکزی یونٹ سے رابطہ کرنا ہوتا ہے اور لے پالک کی نگہداشت سروس پر بریفنگ سیشن سے گزرنا پڑتا ہے۔
2. درخواست گزاران کو مجرمانہ ریکارڈ کی پڑتال کے عمل سے گزرنا پڑتا ہے۔
3. درخواست گزاران کو طبی معائنہ سے گزرنا پڑتا ہے اور ایک تفصیلی اور بھرپور گھریلو مطالعاتی جانچ پرکھ سے گزرنا پڑتا ہے تاکہ لے پالک والدین کے طور پر ان کی موزونیت کا جائزہ لیا جا سکے۔ جانچ پرکھ میں درخواست گزار کی شخصیت، دلچسپیاں، زندگی کا تجربہ، ازدواجی حیثیت، ملازمت، مالی حالت، رہن سہن کا ماحول، والدینی رویہ اور صلاحیت، لے پالک بچوں کی نشوونمائی ضروریات سے عہدہ برآ ہونے کے لے نگہداشتی انتظامات کی اہلیت، ان کے گھرانے کے ارکان کا لے پالک کی نگہداشت سروس میں شرکت کے حوالے سے رویہ؛ اور دو یا زائد ریفریز کے تبصرہ جات، وغیرہ شامل ہیں، مگر یہ ان تک محدود نہیں۔ درخواست گزاران کو جانچ پرکھ کے عمل کے دوران متعلقہ الحاقی دستاویزات فراہم کرنا ہوتے ہیں۔
4. درخواست گزاران کو لے پالک کی نگہداشت کے حوالے سے پری-سروس ٹریننگ ورکشاپ میں شریک ہونا پڑتا ہے۔
5. گھریلو مطالعاتی جانچ سے کامیابی سے گزرنے پر، درخواست گزاران کو بچوں کی بہترین دلچسپیوں کو برقراررکھنے کے ذریعے مماثلتی عمل کے قیام کے لیے سماجی کارکنان کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوتا ہے۔

اگر آپ لے پالک والدین میں دلچسپی رکھتے ہیں تو، براہ مہربانی SWD کے لے پالک کی نگہداشت کے مرکزی یونٹ کے ان ٹیک ورکر سے رابطہ قائم کریں یا ان کی ویب سائٹ (www.swd.gov.hk) SWD ملاحظہ کریں۔

ٹیلیفون نمبر: 2573 2282
فیکس نمبر: 2573 2120
ڈاک کا پتہ: Room 2202, Southorn Centre, 130 Hennessy Road, Wan Chai, Hong Kong
پتہ: cfcuenq@swd.gov.hk

[1] SWD کے لے پالک کی نگہداشت کے مرکزی یونٹ اور لے پالک کی نگہداشت چلانے والی غیر-حکومتی تنظیمیں لے پالک والدین کو باقاعدگی سے متعلقہ تربیت فراہم کریں گی تاکہ بچے کی نگہداشت اور والدینی کے حوالے سے ان کے علم اور مہارت کو بڑھایا جا سکے۔

[2] کھڑکیوں کی گرلز (جس میں چمنی گریل بھی شامل ہیں) کواسطرح نصب ہونا چاہیے کہ کھڑکیوں کے فریم اور گرلز کے درمیان کوئی خلا 4 انچ سے زیادہ نہ ہو۔ ۔اگر کھڑکیوں کی گرِلز کے نصب کرنے کی عمارت کے حوالے سے باہمی کرایہ کے معاہدے کے مطابق اجازت نہ ہو تو، کھڑکی کے کھلنے کے حوالے سے محفوظ بنانے کے لیے رکاوٹی ڈیوائسز کا نصب کیا جانا ضروری ہے جو کہ اس طور نصب ہوں کہ کھڑکیوں کی کھلنے کی چوڑائی 4 انچز سے متجاوز نہ ہو۔

[3] باورچی خانہ میں بچوں کو داخلے سے بچانے کے لیے، باورجی خانہ کا دروازہ ہمیشہ بند رکھا جائے یا باورچی خانہ کے داخلی دروازے پر حفاظتی گیٹ نصب کرنا چاہیے۔

[4] بالکونی کا دروازہ مقفل ہونا ضروری ہے۔ ایک قابل مقفل کھولنے سے روکنے والی رکاوٹی ڈیوائس یا دیگر سیفٹی ڈیوائسز دروازے پر اس طور لگائی جا سکتی ہیں کہ دروازے کی کھلنے والی چوڑائی 4 انچز سے متجاوز نہ ہونے پائے۔